نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت محکمہ زراعت کے تحت جاری فلڈ ریلیف اور ریسکیو سرگرمیوں کے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں جائزہ اجلاس کا انعقاد

محکمہ زراعت پنجاب سیلاب متاثرین کیلئے ریسکیو اور ریلیف آپریشن میں بھرپور عملی کردار ادا کر رہا ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور02: ستمبر 2025: محکمہ زراعت پنجاب کے تحت سیلاب متاثرین کے لئے عملی سرگرمیاں جاری ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ سیلاب متاثرین کیلئے ریسکیو اور ریلیف آپریشن کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت سیلاب متاثرین کے لئے ریسکیو اور ریلیف آپریشن میں بھرپور عملی کردار ادا کر رہا ہے۔ محکمہ زراعت ضلعی انتظامیہ اور لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بہترین کو آرڈینیشن کے تحت کام کر رہا ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ مل کر سیلاب متاثرین کے جانوروں کے لئے سبز چارے، توڑی، ونڈے اور سائیلج کے بہترین انتظامات کیے گئے ہیں۔ افتخار علی سہو نے کہا کہ پنجاب میں قائم 344 ریلیف سینٹرز پر محکمہ زراعت کا عملہ موجود ہے۔ سیلاب زدہ علاقوں میں 188 افسران، 207 انٹرنیز اور 750 فیلڈ اسسٹنٹس و بیلدار ریلیف سرگرمیوں میں مصروفِ عمل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اب تک سیلاب متاثرین کے جانوروں کو مجموعی طور پر 800 من توڑی، 560 سائیلج کی گانٹھیں اور 13100 جانوروں کو چارہ فراہم کیا جا چکا ہے۔ محکمہ زراعت کے اقدامات سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف سرگرمیوں میں نمایاں بہتری آئی ہے۔

اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ایڈمن اعجاز منیر، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید، ڈاکٹر عبدالقیوم سمیت دیگر افسران نے شرکت کی جبکہ پنجاب کے تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز زراعت توسیع و ڈپٹی ڈائریکٹرز زراعت توسیع بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شریک ہوئے۔

☆☆☆☆